31 مارچ 2016 کو ختم ہونے والے سہ ماہی سال کے مالی نتائج کا اعلان:

انتہائی مسرت سے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 26 اپریل 2016 کو 1100 بجے اسلام آباد میں منعقد ہونے والے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں حسب ذیل کی منظوری دی گئی۔

حتمی نقد منافع:

اکاؤنٹس کی بنیاد پر مورخہ 31 مارچ 2016 کو ختم ہونے والے سال 16-2015 کیلئے 5 فیصد کے حساب سے مبلغ 0.5 روپے فی شیئر تیسرے عبوری نقد منافع کی منظوری۔ یہ منافع 27 فیصد کے حساب سے پہلے سے دیئے گئے مبلغ 2.7 روپے فی شیئر کے منافع کے علاوہ ہے۔

مذکورہ بالا شیئر ان تمام شیئر ہولڈرز کو دیا جائے گا جن کے نام بدھ مورخہ 15 جون 2016 تک ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس جمعرات 16 جون سے جمعرات 23 جون 2016 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک بی، S.M.C.H.S مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400- کو مورخہ 15 جون 2015 تک دفتری اوقات کے خاتمے کے دوران موصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں حتمی نقد منافع کی ادائیگی کیلئے بروقت تسلیم کی جائیں گی۔

کمپنی کی مالی تفصیلات Annex-I میں درج ہیں۔ او جی ڈی سی ایل اکاؤنٹس اور نوٹس اور کمپنی کی کارکردگی سے متعلق دیگر تفصیلات Annex-II سے III میں دی گئی ہیں۔

ہم ممبران کے مابین تقسیم کرنے کیلئے اکاؤنٹس کی مطلوبہ کاپیاں آپ کو فراہم کریں گے۔

احمد حیات لک

کمپنی سیکرٹری